E-mail: dailypublic.faisalabad@gmail.com..... 0333-4883972

Daily PUBLIC Faisalabad

MEMBER APNS

ABC Certified

روزنامہ پبلک فیصل آباد

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

فیصل آباد، کوئٹہ اور کراچی سے بیک وقت اشاعت پذیر

جلد 24 | جمعرات 22 اکتوبر 2026ء/10 جمادی الثانی 1448ھ/ قیمت 10 روپے | شمارہ 251

پاکستان کی اقتصادی اور مالی معاونت پر سعودی قیادت سے اظہار تشکر، سعودی شہریوں کو پنجاب میں شاندار سیاحتی مراکز کے دوروں کی دعوت

مریم نواز سے سعودی عرب کے نئے تعینات سفیر کی ملاقات

مکہ دفاعی معاہدہ باہمی تعلقات میں نئے باب کا آغاز قرار، مملکت سعودی عرب پر حوثی حملوں کی شدید مذمت، خادم حرمین شریفین اور ولی عہد کیلئے نیک خواہشات کا اظہار

لائیو اسٹاک، بیف، پھلوں اور سبزیوں کی برآمدات بڑھانے کیلئے پنجاب کے وسائل اور صلاحیتوں سے فائدہ اٹھانے کے امکانات پر تبادلہ خیال

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب سعودی سفیر ڈاکٹر راج الٰہی کا پُرتپاک خیرمقدم کیا اور کہا پاکستان میں سفارتی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد دی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ڈاکٹر راج الٰہی کی سفارتی خدمات کو سراہا اور پاکستان کی اقتصادی اور مالی معاونت پر سعودی قیادت سے اظہار تشکر کیا۔ ملاقات میں مکہ دفاعی معاہدہ باہمی تعلقات میں نئے باب کا آغاز قرار دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے لائیو اسٹاک، بیف، پولٹری، پھلوں اور سبزیوں کی برآمدات بڑھانے کے لیے پنجاب کے وسائل اور صلاحیتوں سے فائدہ اٹھانے کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 1) میں لائیو اسٹاک، بیف، پولٹری، پھلوں اور سبزیوں کی برآمدات بڑھانے کے لیے سعودی عرب پر حوثی حملوں کی شدید مذمت کی اور حملوں میں انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ ملاقات میں مکہ دفاعی معاہدہ باہمی تعلقات میں نئے باب کا آغاز قرار دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے مملکت سعودی عرب کے نئے تعینات سفیر ڈاکٹر راج الٰہی کی سفارتی خدمات کو سراہا اور پاکستان کی اقتصادی اور مالی معاونت پر سعودی قیادت سے اظہار تشکر کیا۔ ملاقات میں مکہ دفاعی معاہدہ باہمی تعلقات میں نئے باب کا آغاز قرار دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے نو تعینات سفیر ڈاکٹر راج الٰہی کی ذہنی وسیاسی بصیرت اور صلاحیتوں، مدارس عربیہ اور مساجد کی تنظیموں کا حرمین شریفین کے تحفظ کے عزم کا اعادہ، سعودی عرب کی سلامتی کی حمایت



اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف سے مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیز ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان علما کونسل اور عالم اسلام کے عظیم مفکر حرمین شریفین کونسل کے مشترکہ اہتمام میں حافظ محمد طاہر محمود اشرفی کی زیر صدارت منعقدہ عظیم حرمین شریفین کانفرنس کے نام الکفر، مدینہ المنورہ اور دنیا بھر کی مقدس مساجد کے تقدس کے تحفظ کے عزم کا متفقہ طور پر اعادہ کرتے ہوئے مملکت سعودی عرب کی سلامتی، خودمختاری اور استحکام کے تحفظ کے لیے مکمل یکجہتی کا اظہار کیا۔

پاکستان اور مالدیپ کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون کے فروغ کے لیے مفاہمت کی 20 یادداشتوں پر دستخط

پاکستان اور مالدیپ میں مختلف شعبوں میں تعاون پر اتفاق

معاہدوں کو محض دستاویزات تک محدود رکھنے کے بجائے عملی اقدامات میں تبدیل کیا جائیگا، بروقت فیصلوں اور تیز رفتار عمل درآمد کو یقینی بنانے کی کوشش کی جائیگی، وزیراعظم شہباز شریف اور مالدیپ کے صدر کا دوطرفہ تجارت کو آئندہ دو سال میں 13.9 ملین ڈالر سے بڑھا کر 200 ملین ڈالر تک لے جانے کا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور مالدیپ نے دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے اور مختلف شعبوں میں باہمی تعاون کو فروغ دینے کے لیے اظہار میشن ٹیکناٹومی، معدنی ذخائر، سائبر سیکیورٹی، ڈیجیٹل سکلز، صحت، تعلیم، دفاع، بحری سلامتی، زراعت، سیاحت، تجارت اور ماحولیاتی تحفظ سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کے لیے مفاہمت کی 20 یادداشتوں (ایم او یوز) پر دستخط کردیے ہیں جبکہ دونوں ممالک نے دوطرفہ تجارت کو آئندہ دو سال میں 13.9 ملین ڈالر سے بڑھا کر 200 (باقی صفحہ اندرونی نمبر 14)



لاہور: پنجاب یونیورسٹی شعبہ ہیومن رائٹس کے زیر اہتمام سیمینار میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ریحانہ بیدار خطاب کر رہی ہیں

طلال چوہدری کی مالدیپ کے وزیر داخلہ سے ملاقات

دوطرفہ تعلقات اور تعاون کو وسعت دینے پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری سے مالدیپ کے وزیر داخلہ علی احسان نے اہم ملاقات کی جس میں دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کے فروغ اور باہمی تعاون کو مزید وسعت دینے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزارت داخلہ سے جاری بیان کے مطابق ملاقات (باقی صفحہ اندرونی نمبر 13)

حکومت سے چند روز میں دوبارہ مذاکرات شروع ہو سکتے ہیں، چیف ویپ پی ٹی آئی

سہیل آفریدی کی وزیراعلیٰ پنجاب اور وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات نہیں ہوئی، ملاقات کی کوشش کی تھی، وزیراعلیٰ

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے قومی اسمبلی میں چیف ویپ عامر ڈوگر نے حکومت اور پی ٹی آئی کے درمیان آئندہ دنوں میں مذاکرات دوبارہ شروع ہونے کا عندیہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ پارٹی میں اندرونی اختلافات کی خبریں بے بنیاد ہیں، وزیراعلیٰ پنجاب کی مرضی کے بغیر کوئی وزیراعلیٰ نہیں آ سکتا۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 12)

پنجاب کی جیلوں کے سالانہ معائنوں کا نظرثانی شدہ شیڈول جاری

آئی جی جیل خانہ جات کی منظوری، ہیرکس، سٹوورز، ہسپتالوں اور ملاقات گاہوں کا معائنہ کیا جائے گا

لاہور (این این آئی) محکمہ جیل خانہ جات پنجاب نے سالانہ معائنوں کا نظرثانی شدہ شیڈول جاری کر دیا۔ سالانہ معائنوں کا شیڈول آئی جی جیل خانہ جات پنجاب میاں سالک جلال کی منظوری سے دوبارہ مرتب دیا گیا ہے۔ نئے شیڈول کے مطابق جیلوں میں اعلیٰ افسران تمام بیرکس، سٹوورز، ہسپتال، ملاقات گاہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 11)

پنجاب کے 256 ہائر سیکنڈری سکول سولر توانائی پر منتقل کرنے کا فیصلہ

سکولوں کو سولر توانائی پر منتقل کرنے سے ماہانہ 2 کروڑ روپے کی بچت ہوگی، 15 ہائر سیکنڈری سکولوں میں تنصیبات مکمل

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے صوبہ بھر کے 256 ہائر سیکنڈری سکولوں کو سولر توانائی پر منتقل کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ اس منصوبے کے تحت لاہور کے 15 ہائر سیکنڈری سکول بھی شامل ہیں۔ فہرست کے مطابق گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول اعوان ٹاؤن، برکی، چونگ، جلو موڑ، سنگھ پورہ، شاہدرہ، سمن آباد، کوٹ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 10)

سانحہ 12 مئی کے 3 مقدمات، ایم کیو ایم کے 3 کارکن بری

استغاثی بیانات میں قانونی تقاضے پورے نہیں کیے گئے، مظہران کے وکیل کا مؤقف

کراچی (این این آئی) انسداد دہشت گردی کی عدالت نے سانحہ 12 مئی سے متعلق تین مقدمات کا فیصلہ سناتے ہوئے ایم کیو ایم کے تین کارکنوں عمیر صدیقی، رئیس الدین عرف رضوان چپاتی کو بری کر دیا۔ جیل حکام نے سابق سٹیکر اچاریہ رئیس مما اور مرزا سلیم الدین عرف عرف رضوان چپاتی کو حراست میں پیش کیا۔

خاتون کو ہراساں کرنے کا مقدمہ، ملزم کے ریمانڈ میں 3 روز کی توسیع

عدالت نے تفتیشی افسر سے پیش رفت رپورٹ طلب کر لی

کراچی (این این آئی) جوڈیشل مجسٹریٹ وسطی کی عدالت نے ایم فلپس میں خاتون کو ہراساں کرنے اور بدتمیزی کے مقدمے میں گرفتار ملزم فراز کے جسمانی ریمانڈ میں مزید تین روز کی توسیع کر دی اور تفتیشی افسر سے پیش رفت رپورٹ طلب کر لی۔ پولیس نے ملزم کو ریمانڈ مکمل ہونے پر عدالت میں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 9)

سوئی ناردرن ایسوسی ایشن کے انتخابات، فرخ مجید بالا ایسوسی ایشن کے صدر منتخب

دگر کامیاب امیدواروں میں وقاص اللہ خان نائب صدر، کاشف منہاس جنرل سیکرٹری و دیگر شامل ہیں

الیکٹرک کمپنی کے لیے 7 ڈائریکٹرز کا انتخاب بھی منتخب ہوئے، سوئی ناردرن گیس کے الیکشن کمیشن کے انتخابی عمل کو مکمل اور منظم انداز میں پائی تکمیل تک پہنچایا

لاہور (پ ر) سوئی ناردرن گیس کمپنی لمیٹڈ ایمپلائز ایسوسی ایشن (SNEOA) کے آفیسرز ایسوسی ایشن کے انتخابات، فرخ مجید بالا ایسوسی ایشن کے صدر منتخب، کاشف منہاس جنرل سیکرٹری، وسیب افتخار جوائنٹ سیکرٹری و دیگر شامل ہیں

الیکٹرک کمپنی کے لیے 7 ڈائریکٹرز کا انتخاب بھی منتخب ہوئے، سوئی ناردرن گیس کے الیکشن کمیشن کے انتخابی عمل کو مکمل اور منظم انداز میں پائی تکمیل تک پہنچایا

لاہور (پ ر) سوئی ناردرن گیس کمپنی لمیٹڈ ایمپلائز ایسوسی ایشن (SNEOA) کے آفیسرز ایسوسی ایشن کے انتخابات، فرخ مجید بالا ایسوسی ایشن کے صدر منتخب، کاشف منہاس جنرل سیکرٹری، وسیب افتخار جوائنٹ سیکرٹری، نیا پینلنگ



سال 2026ء تا 2028ء کی مدت کے لیے انتخابات 16 اکتوبر 2026ء کو الیکشن کمیشن کے صدر منتخب ہو گئے۔ دیگر کامیاب امیدواروں میں وقاص اللہ خان) نائب صدر، (مدیحہ اسد) فنانس سیکرٹری اور (سمز نازیہ رشید) انفارمیشن سیکرٹری (باقی صفحہ اندرونی نمبر 16)

مولانا عمران عطاری کا آئی سی بی ایس جامعہ کراچی کا دورہ

سائنسی تحقیق میں ادارے کی عالمی شہرت قابل تحسین ہے، تعلیم و تحقیق میں تعاون کے فروغ کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کی تجویز

کراچی (این این آئی) وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے مرکزی مجلس شوریٰ کے رکن مولانا عمران عطاری نے علمائے کرام کے وفد کے ہمراہ جامعہ کراچی کے بین الاقوامی مرکز برائے کیمیائی و حیاتیاتی علوم (آئی سی بی ایس) کا دورہ کیا۔ مرکز کے ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر محمد رضا شاہ عطاری اور سائنس، تحقیق اور تعلیم سمیت دیگر سینئر سائنسدانوں نے مہمانوں کا استقبال کیا۔ اس موقع پر مولانا عمران عطاری نے پروفیسر ڈاکٹر محمد رضا شاہ سے ملاقات کی اور سائنس، تحقیق اور تعلیم سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا۔



شوہر پر سیاہ کاری کے الزامات لگا کر بدنام کرنے اور دھمکیاں دینے کا الزام، سکھر میں خاتون کا احتجاج

سکھر (این این آئی) پیل شاہ سیانی کی رہائشی ملک برادری سے تعلق رکھنے والی سمیرا آسیہ نے اپنے شوہر کے مبینہ مظالم کے خلاف اپنے عزیزوں مائی یاسمین زوجہ حاجی ملک، جاوید ملک، مختیار ملک اور دیگر افراد کے ہمراہ سکھر (باقی صفحہ اندرونی نمبر 17)

موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات پاکستانی زراعت کو بری طرح متاثر کر رہے ہیں

موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث پاکستانی زراعت متاثر، گندم کی فی ایکڑ پیداوار میں 12 سے 15 من اضافہ ممکن ہے: عمران حمید

متوازن کھادوں کا بروقت استعمال اور جڑی بوٹیوں کا خاتمہ گندم کی پیداوار بڑھانے کے لیے ناگزیر ہے، سرسبز گندم کنونشن سے مقررین کا خطاب

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) فاطمہ فرٹیلائزر کے ڈویلپمنٹ منیجر جناب محمد ذوہان عمران حمید نے کہا ہے کہ موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات پاکستانی زراعت کو بری طرح متاثر کر رہے ہیں، جس کے باعث زرعی پیداوار میں کمی واقع ہو رہی ہے۔ موجودہ حالات میں کاشتکاروں کو موسمیاتی تبدیلیوں کو مدنظر رکھتے ہوئے جدید زرعی طریقے اپنانے اور کھادوں کا متوازن (باقی صفحہ اندرونی نمبر 18)

پنجاب میں نرسنگ کے شعبے کی بہتری کیلئے ملائیشین یونیورسٹی سے معاہدہ

نرسنگ سٹاف کی تعلیمی وپیشہ ورانہ ترقی کے لئے مین الاقوامی سطح پر پی ایچ ڈی کے 15 اور ایم ایس سی نرسنگ کے 270 وفاقک" کی گنجائش رکھی گئی ہے

پروگرام اعلیٰ معیشیں یونٹ شعبہ نرسنگ کی بہتری کیلئے مستقبل قریب میں قومی و مین الاقوامی یونیورسٹیز کے ساتھ مزید معاہدے کرنے جا رہا ہے

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق محکمہ سیکنڈری ایجوکیشن اور نرسنگ ایجوکیشن کے درمیان معاہدے پر دستخط ہوئے۔ اہم امور کی تفصیل کے مطابق شعبہ نرسنگ کی مسلسل بہتری کیلئے کوشاں ہے۔ محکمہ سیکنڈری ایجوکیشن اور نرسنگ ایجوکیشن کے افسران کے مابین ایک مشترکہ کمیٹی تشکیل دی جائے گی جو معاہدے کے نفاذ کی نگرانی کرے گی۔ معاہدے کے تحت نرسنگ ایجوکیشن کے اساتذہ کیلئے ایک مخصوص تربیتی پروگرام شروع کیا جائے گا۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 2)

محفوظ پنجاب وژن، پولیس کے شرپسند، دہشت گرد و جرائم پیشہ عناصر کے سر کو بی کیلئے سرچ اینڈ کومبنگ آپریشنز جاری

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے تحفظ پنجاب وژن کے تحت پنجاب پولیس کے لاہور سمیت صوبہ بھر میں شرپسند، دہشت گرد اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف سرچ اینڈ کومبنگ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے۔



پشاور: گورنر غیور خٹک نوشہرہ فیصل کمر کنڈی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

گھر مزدوروں کے حقوق کے تحفظ کے لیے قوانین پر عمل درآمد یقینی بنایا جائے

گھر مزدوروں کا مالی دن کی محنت کو تسلیم کرنے، ان کی جدوجہد کو خراج تحسین پیش کرنے اور بنیادی حقوق کے حصول کے لیے آواز بلند کرنے کا موقع ہے: ایچ آر ایبلیو ایف

نمائندہ شہریوں کے گھر کام کرنے والوں کے ادارہ میں رجسٹریشن اور لیبر کارڈز کا اجرا کیا جائے، مقررین کا مطالبہ

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) ہوم بیسڈ ورکرز فیڈریشن (ایچ آر ایبلیو ایف) اور ہوم بیسڈ ویمن ورکرز فیڈریشن (ایچ آر ایبلیو ایف) کے زیر اہتمام سیمینار سے جنرل سیکرٹری بشریٰ دلاور بلوچ، خصوصی خطاب کر رہی ہیں



ٹریبونل کے قیام میں تاخیر سے شہری کا حق دعویٰ ختم نہیں ہو سکتا، لاہور ہائیکورٹ

سول عدالت کی جانب سے دعویٰ واپس کیے جانے کے بعد اپیل کنندہ نے 13 نومبر 2025ء کو متعلقہ ٹریبونل سے رجوع کیا تھا۔

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے جنک عزت کے دعوے کو مدت معیاد کی بنیاد پر خارج کرنے کا حکم کالعدم قرار دیتے ہوئے قرار دیا ہے کہ خصوصی ٹریبونل قائم نہ ہونے کی وجہ سے کسی شہری کا حق دعویٰ ختم نہیں ہو سکتا۔ جسٹس مرزا وقاص رؤف اور جسٹس انوار حسین نے اپیل پر فیصلہ سنایا، عدالت نے جنک عزت کے دعوے پر ٹریبونل کو (باقی صفحہ اندرونی نمبر 4) میرٹ کے مطابق فیصلہ کرنے کی ہدایت کر دی۔ عدالت نے محمد فاروق ملک کی اپیل منظور کرتے ہوئے مقدمہ دوبارہ جنک عزت

محکمہ پاپولیشن کے سیکڑوں ملازمین 17 سال بعد بھی مستقل نہ ہو سکے، سکھر میں احتجاجی ریلی

سکھر (این این آئی) محکمہ پاپولیشن سکھر اور لاڑکانہ کے سیکڑوں نچلے درجے کے ملازمین نے اپنے مطالبات کے حق میں احتجاجی ریلی نکالی اور نعرے بازی کی۔ مظاہرے کی قیادت ارشد لغاری، محمد یونس حسین، سید ریاض حسین، مہتاب (باقی صفحہ اندرونی نمبر 5)



پشاور: چیف کشمرائن فورمز رحمٰن کے پی کے جاسوسات کی خدمات پر منعقدہ ریکاب کے اختتام پر گروپ فوٹو

بلدیاتی انتخابات سے متعلق شیڈول جاری کیا جائے، الیکشن کمیشن نے حکم جاری کر دیا

وفاقی حکومت نے تا حال نیا بلدیاتی قانون نہیں بنایا، 2015 کا بلدیاتی قانون موجود ہے اسی کے تحت انتخابات کی اجازت دی جائے

اگر 2015 کے قانون کے تحت انتخابات کروائے جائیں تو حلقہ بندیوں پر کوئی اثر نہیں پڑے گا، چیف الیکشن کمشنر

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات 2015 کے بلدیاتی قانون کے تحت کروانے کا حکم دے دیا۔ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ نے کمیشن کا مختصر حکم نامہ بھی پڑھ کر سنایا جس کی سربراہی میں پانچ رکنی کمیشن نے سماعت کی۔ سیکرٹری داخلہ اور الیکشن کمیشن حکام پیش ہوئے۔ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ نے کہا کہ الیکشن کمیشن کے فیصلے کے مطابق انتخابات کروانے کا حکم دیا گیا، الیکشن سیکرٹری الیکشن کمیشن ظفر اقبال ملک نے بریفنگ دی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 6) عدم فراہمی کے باعث انتخابات پر سوالات اٹھنے لگے ہیں۔ مسافر خانے خستہ حالی کا شکار ہیں، پینے کے صاف پانی کی سہولت میسر نہیں، سیوریج کے نظام کی ابتر صورتحال کے باعث مسافروں کو مشکلات کا سامنا ہے۔

مسافر خانے خستہ حال، پینے اور وضو کے لیے پانی اور روشنی کا مناسب انتظام نہیں

پنگر یو سید حسن شاہ مرکار کے عرس میں پانچ روزہ باقی، درگاہ پر بنیادی سہولتوں کا فقدان

صدائے انسانیت سوشل ویلفیئر آرگنائزیشن کی چیئرپرسن شمسہ مہ جبین

کراچی (این این آئی) صدائے انسانیت سوشل ویلفیئر آرگنائزیشن کی چیئرپرسن شمسہ مہ جبین نے کہا ہے کہ مشکلات کے باوجود والدین بچوں کی تعلیم کو ترجیح دیں، یہ کچھ تعلیم ہی وہ بنیادی ذریعہ ہے جو بچوں کو بہتر مستقبل، خودانحصاری اور معاشرے میں باعزت مقام حاصل کرنے کے قابل بناتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ معاشی حالات میں والدین کو مہنگائی، بے روزگاری اور گھریلو اخراجات کے باعث شدید مشکلات کا سامنا ہے۔

مشکلات کے باوجود والدین بچوں کی تعلیم کو ترجیح دیں، شمسہ مہ جبین

تعلیم بچوں کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے، مالی مسائل کی وجہ سے تعلیمی سلسلہ منقطع نہ ہونے دیا جائے

عوامی فرانسپورٹ کی بہتری شہری ضروریات کے پیش نظر اہمیت رکھتی ہے

شہری انفراسٹرکچر کی بہتری کے منصوبے کراچی کی ضروریات کے مطابق ترجیحی اقدامات کا اہم حصہ ہیں

کراچی (این این آئی) ترجمان میئر کراچی کرم اللہ وقاصی نے کہا ہے کہ سندھ حکومت کے تعاون اور میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب کے عملی اقدامات کی بدولت کورنگی صنعتی علاقے میں بنیادی ڈھانچے کی بحالی کے 12 ارب روپے کی گرانٹ منظور کی گئی ہے، جبکہ میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے ترجیحی کاموں کا سنگ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 8) حد ترجیحی کام شروع کر دیے گئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ان منصوبوں کے لیے

کراچی کے عوام سے کیے وعدے تکمیل کو پہنچ رہے ہیں، کرم اللہ وقاصی



کراچی: ایڈیشنل آئی جی کراچی آزاد خان عالمی میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

پنگر یو سید حسن شاہ مرکار کے عرس میں پانچ روزہ باقی، درگاہ پر بنیادی سہولتوں کا فقدان

سانحہ 12 مئی کے 3 مقدمات، ایم کیو ایم کے 3 کارکن بری

سوئی ناردرن ایسوسی ایشن کے انتخابات، فرخ مجید بالا ایسوسی ایشن کے صدر منتخب

مولانا عمران عطاری کا آئی سی بی ایس جامعہ کراچی کا دورہ

شوہر پر سیاہ کاری کے الزامات لگا کر بدنام کرنے اور دھمکیاں دینے کا الزام، سکھر میں خاتون کا احتجاج

موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات پاکستانی زراعت کو بری طرح متاثر کر رہے ہیں

مسافر خانے خستہ حال، پینے اور وضو کے لیے پانی اور روشنی کا مناسب انتظام نہیں

Scanned with CamScanner

Daily PUBLIC Faisalabad

روزنامہ پبلک فیصل آباد

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

چیف ایڈیٹر و پبلشر وسیم احمد نے الرفیق افضالی پرنٹنگ پریس پاک گول امین پور بازار سے چھپوا کر بلاٹ نمبر P-289 بلاک A ستارہ کالونی کالج روڈ سمن آباد فیصل آباد سے شائع کیا

مریم نواز شریف سے سعودی عرب کے نئے تعینات سفیر کی ملاقات

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے سعودی عرب کے نئے تعینات سفیر ڈاکٹر راجح الحُقبی نے ملاقات کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے نو تعینات سعودی سفیر ڈاکٹر راجح الحُقبی کا پُرتپاک خیر مقدم کیا اور کہا پاکستان میں سفارتی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد دی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ڈاکٹر راجح الحُقبی کی سفارتی خدمات کو سراہا اور پاکستان کی اقتصادی اور مالی معاونت پر سعودی قیادت سے اظہارِ تشکر کیا۔ ملاقات میں مکہ وفاقی معاہدہ باہمی تعلقات میں نئے باب کا آغاز قرار دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے مملکت سعودی عرب پر حوثی حملوں کی شدید مذمت کی اور حملوں میں انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ ملاقات میں لائیو اسٹاک، بیف، پولٹری، آم، کینو، آلو اور شریمپ ایکسپورٹ میں 500 ملین روپے سے زیادہ کا ہدف مقرر پر اتفاق کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ خادمینِ حرمین شریفین سعودی عرب ہر پاکستانی کے دل میں منفرد اور محترم مقام رکھتا ہے۔ سعودی قیادت اور محمد نواز شریف کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات ہیں۔ سعودی عرب تقریباً 8.9 ارب ڈالر کے ساتھ پاکستان کو تزویراتی گہرائی کا سب سے بڑا ملک ہے۔ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کو نشانہ بنانے کی کوشش سمیت سعودی شہروں اور شہری انفراسٹرکچر پر حملے قابلِ مذمت ہے۔

دہشت گردی کے خلاف قومی اتحاد وقت کی اہم ضرورت ہے

ریاستی اداروں پر بھی مرتب ہوتے ہیں۔ جب کسی علاقے میں دہشت گردی کے واقعات بڑھتے ہیں تو عام شہریوں کے جان و مال کا تحفظ، کاروباری سرگرمیوں کا تسلسل اور انتظامی نظام کی مؤثر یت متاثر ہوتی ہے۔ ایسے حالات میں سیاسی قیادت کی ذمہ داری ہے کہ وہ اختلافات کا بڑھتا ہوا سفر روکے، سلامتی کے معاملات پر مشترکہ لائحہ عمل اختیار کرے اور عوام کے تحفظ کو یقینی بنائے۔ ہمارا یہ مؤقف ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ کسی ایک سیاسی جماعت یا حکومت کی ذمہ داری نہیں بلکہ یہ پوری قوم کی مشترکہ امتحان ہے۔ جس میں حکومت، اپوزیشن، صوبائی قیادت اور تمام ریاستی اداروں کو اپنے اپنے دائرہ کار میں مؤثر کردار ادا کرنا ہوگا۔

تجزیہ بی این پی

تجزیہ بی این پی کے مطابق دہشت گردی کے خلاف قومی اتفاق رائے پیدا کرنا موجودہ حالات کا بنیادی تقاضا ہے۔ پاکستان میں دہشت گردی کا مسئلہ محض امن و امان تک محدود نہیں بلکہ اس کے اثرات قومی معیشت، عوامی زندگی، سرمایہ کاری، تعلیمی سرگرمیوں اور

دہشت گردوں کو پاکستان لانے والے ہاتھ بے نقاب ہونے چاہئیں، بلاول بھٹو

افغانستان سے دہشت گردوں کو پاکستان لانے اور جیلوں سے انہیں رہا کرنے جیسے فیصلوں کے نتائج آج تک کو بھگتنا پڑ رہے ہیں۔ ان کے مطابق دہشت گردی کے بارے بعض غیر معمولی انتظامی اقدامات کی ضرورت پیش آئی ہے جب ملک کو بالخصوص خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں امن و امان کے تحفظ کے لیے غیر معمولی اقدامات کرنے پڑے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے ماضی میں بھی دہشت گردی کے خلاف اپنا مؤقف واضح کیا تھا اور آج بھی کر رہے ہیں۔ سیاسی مفادات کو قومی سلامتی پر حاوی نہیں ہونے دیں گے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے ایک واضح اور مربوط حکمت عملی اختیار کی جائے۔ ماضی کے تجربات سے سبق سیکھتے ہوئے ایسے اقدامات سے گریز کیا جائے جو عوام کے تحفظ کو یقینی بنانے کے بجائے مزید مسائل پیدا کریں۔ ان کا کہنا تھا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ کسی ایک سیاسی جماعت یا حکومت کی ذمہ داری نہیں بلکہ یہ پوری قوم کا مشترکہ امتحان ہے، جس میں حکومت، اپوزیشن، صوبائی قیادت اور تمام ریاستی اداروں کو اپنے اپنے دائرہ کار میں مؤثر کردار ادا کرنا ہوگا۔

تجزیہ بی این پی

تجزیہ بی این پی کے مطابق دہشت گردی کے خلاف قومی اتفاق رائے پیدا کرنا موجودہ حالات کا بنیادی تقاضا ہے۔ پاکستان میں دہشت گردی کا مسئلہ محض امن و امان تک محدود نہیں بلکہ اس کے اثرات قومی معیشت، عوامی زندگی، سرمایہ کاری، تعلیمی سرگرمیوں اور ریاستی اداروں پر بھی مرتب ہوتے ہیں۔ جب کسی علاقے میں دہشت گردی کے واقعات بڑھتے ہیں تو عام شہریوں کے جان و مال کا تحفظ، کاروباری سرگرمیوں کا تسلسل اور انتظامی نظام کی مؤثر یت متاثر ہوتی ہے۔ ایسے حالات میں سیاسی قیادت کی ذمہ داری ہے کہ وہ اختلافات کا بڑھتا ہوا سفر روکے، سلامتی کے معاملات پر مشترکہ لائحہ عمل اختیار کرے اور عوام کے تحفظ کو یقینی بنائے۔ ہمارا یہ مؤقف ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ کسی ایک سیاسی جماعت یا حکومت کی ذمہ داری نہیں بلکہ یہ پوری قوم کا مشترکہ امتحان ہے، جس میں حکومت، اپوزیشن، صوبائی قیادت اور تمام ریاستی اداروں کو اپنے اپنے دائرہ کار میں مؤثر کردار ادا کرنا ہوگا۔

تجزیہ بی این پی

تجزیہ بی این پی کے مطابق دہشت گردی کے خلاف قومی اتفاق رائے پیدا کرنا موجودہ حالات کا بنیادی تقاضا ہے۔ پاکستان میں دہشت گردی کا مسئلہ محض امن و امان تک محدود نہیں بلکہ اس کے اثرات قومی معیشت، عوامی زندگی، سرمایہ کاری، تعلیمی سرگرمیوں اور ریاستی اداروں پر بھی مرتب ہوتے ہیں۔ جب کسی علاقے میں دہشت گردی کے واقعات بڑھتے ہیں تو عام شہریوں کے جان و مال کا تحفظ، کاروباری سرگرمیوں کا تسلسل اور انتظامی نظام کی مؤثر یت متاثر ہوتی ہے۔ ایسے حالات میں سیاسی قیادت کی ذمہ داری ہے کہ وہ اختلافات کا بڑھتا ہوا سفر روکے، سلامتی کے معاملات پر مشترکہ لائحہ عمل اختیار کرے اور عوام کے تحفظ کو یقینی بنائے۔ ہمارا یہ مؤقف ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ کسی ایک سیاسی جماعت یا حکومت کی ذمہ داری نہیں بلکہ یہ پوری قوم کا مشترکہ امتحان ہے، جس میں حکومت، اپوزیشن، صوبائی قیادت اور تمام ریاستی اداروں کو اپنے اپنے دائرہ کار میں مؤثر کردار ادا کرنا ہوگا۔

افغان سرحد سے دراندازی کی کوشش ناکام، پاک فوج کا منہ توڑ جواب

افغانستان سے ملحقہ سرحد پر دہشت گردوں کی دراندازی کی کوششیں اور افغان طالبان کی جانب سے پاکستانی سیکیورٹی فورسز پر فائرنگ کے واقعات ایک بار پھر اس امر کی نشاندہی کرتے ہیں کہ کسی سلامتی اسٹرٹیجک کے تحفظ کے لیے مسلسل چوکسی، مؤثر دفاعی حکمت عملی اور قومی یکجہتی ناگزیر ہیں۔ خیبر پختونخوا کے ہائی کمشنر، ایئر کرم اور نوشہرہ کے علاقوں میں پیش آنے والے حالیہ واقعات کے مطابق افغان طالبان کی جانب سے فائرنگ کا مقصد بظاہر خارجی دہشت گردوں کو سرحد عبور کرنے میں مدد فراہم کرنا تھا۔ پاک فوج نے ان کارروائیوں کا فوری اور مؤثر جواب دے کر واضح کر دیا کہ پاکستان کی خودمختاری، سلامتی سالمیت اور شہریوں کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا۔ اطلاعات کے مطابق خوست گزمی میں افغان طالبان کے متعدد اہلکار ہلاک ہوئے، جبکہ ایئر کرم میں ماہر پوسٹ اور شیولا میں کیمپ کو بھی نشانہ بنایا گیا۔ پاکستانی فورسز کی جوابی کارروائی کے نتیجے میں طالبان اہلکاروں کو اپنی ایک پوسٹ خالی کرنا پڑی۔ یہ صورتحال محض سرحدی جھڑپوں کا معاملہ نہیں بلکہ پاکستان اور افغانستان کے تعلقات، علاقائی امن اور دہشت گردی کے خلاف مشترکہ ذمہ داریوں سے بڑا ایک اہم مسئلہ ہے۔ پاکستان کی مسلح افواج نے ہمیشہ اس اصول کو مقدم رکھا ہے کہ امن کے قیام کے لیے سفارت کاری اور باہمی تعاون کو ترجیح دی جانی چاہیے، تاہم جب ملک کی سرحدوں کو غیر محفوظ بنانے یا دہشت گرد عناصر کو پاکستان میں داخل کرنے کی کوشش کی جائے تو اس کا مؤثر جواب دینا ریاست کی بنیادی ذمہ داری بن جاتا ہے۔ پاکستان ملٹری اکیڈمی میں پاسنگ آؤٹ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کمانڈر ایٹمی اسٹرٹیجک کمانڈ جنرل سید عاصم رضا نے بھی دوٹوک انداز میں واضح کیا کہ سرحد پار سے دراندازی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی اور قومی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ ان کا یہاں تک کہنا درست عزم کا اظہار ہے کہ پاکستان اپنے دفاع کے لیے پوری طرح تیار ہے اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتا رہے گا۔ تجزیہ بی این پی کے مطابق، موجودہ حالات میں پاکستان کے لیے ضروری ہے کہ دفاعی تیاریوں کے ساتھ سفارتی محاذ پر بھی مؤثر کردار ادا کیا جائے تاکہ سرحدی علاقوں میں پائیدار امن کی راہ ہموار ہو سکے اور دہشت گرد عناصر کو اپنی مذموم سرگرمیوں کے لیے کسی حمایت کی گنجائش نہ ملے۔

افغانستان میں اگست 2021ء میں طالبان کے دوبارہ اقتدار میں آنے کے وقت خطے میں امن کے حوالے سے بڑی توقعات وابستہ کی گئی تھیں۔ پاکستان سمیت متعدد ممالک کو امید تھی کہ طویل جنگ اور بدامنی کے بعد افغانستان میں استحکام پیدا ہوگا، افغان سرزمین سے دہشت گردی کا خاتمہ ہوگا اور دونوں ملکوں کے عوام کے درمیان تاریخی، مذہبی اور ثقافتی روابط مضبوط ہوں گے۔ پاکستان نے چار دہائیوں سے زائد عرصے تک لاکھوں افغان مہاجرین کی میزبانی کر کے اپنے انسانی ہمدردی کے جذبے کا عملی ثبوت دیا۔ اس دوران پاکستانی معیشت، تعلیمی اداروں، صحت کے نظام اور سماجی ڈھانچے پر نمایاں مثبت و منفی اثرات مرتب ہوئے۔ لیکن پاکستان نے مشکل حالات کے باوجود افغان عوام کے لیے اپنے دروازے کھلے رکھے۔ مالی فوجمر پر بھی پاکستان افغانستان میں امن، تجارت اور معاشی استحکام کے لیے مسلسل آواز اٹھاتا رہا۔ ان تاریخی تعلقات اور پاکستان کی قربانیوں کے تناظر میں توقع تھی کہ افغانستان میں قائم ہونے والی حکومت پاکستان کے سیکیورٹی خدشات کو سنجیدگی سے لے گی اور اپنی سرزمین کو کسی بھی ہمسایہ ملک کے خلاف استعمال ہونے سے روکنے کے لیے ٹھوس اقدامات کرے گی۔ تاہم طالبان کے اقتدار میں آنے کے بعد پاکستان میں دہشت گردی کے واقعات میں اضافے نے ان توقعات کو شدید دھچکا پہنچایا۔ خیبر پختونخوا اور بلوچستان بالخصوص دہشت گرد حملوں کا نشانہ بنتے رہے، جن میں سیکیورٹی اہلکاروں، قانون نافذ کرنے والے اداروں کے کارکنوں اور عام شہریوں نے جانوں کی قربانیاں دیں۔ سال 2024ء کو گزشتہ ایک دہائی کے خونریز ترین برسوں میں شمار کیا گیا، جس سے یہ حقیقت نمایاں ہوئی کہ دہشت گردی کا مسئلہ اب بھی حل نہیں ہوا۔

سعودیہ اور حوثیوں نے ثالثی کی پیشکش کا جواب نہیں دیا، عباس عراقچی

پیشکش رواں ماہ کے شروع میں اس وقت کی گئی جب حوثیوں نے سعودی عرب پر حملوں میں اضافہ کیا تھا۔ ثالثی کی پیشکش پر سعودی عرب اور حوثیوں نے کوئی جواب موصول نہیں ہوا۔ عراقی ڈی ڈی کی رپورٹ میں انہوں نے کہا کہ یہ پیشکش رواں ماہ کے شروع میں اس وقت (بقیہ 47 صفحہ اندرونی پر)

تہران (این این آئی) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ ثالثی کی پیشکش پر سعودی عرب اور یمن کے حوثیوں کی جانب سے کوئی جواب موصول نہیں ہوا۔ عراقی ڈی ڈی کی رپورٹ میں انہوں نے کہا کہ یہ پیشکش رواں ماہ کے شروع میں اس وقت کی گئی جب

برطانوی ایئربیس واقعے میں 2 افراد دوبارہ گرفتار

گرفتار افراد میں ایک 25 سال کا شخص ہر طانیہ اور ایران کی دوہری شہریت رکھتا ہے، رپورٹ

شائر میں امریکی ایئربیس کے قریب مشکوک سرگرمیوں کے باعث کئی گھروں کو خالی کرایا گیا تھا۔ انسداد دہشت گردی پولیس نے تحقیقات کے سلسلے میں 7 افراد کو گرفتار کیا تھا۔ ایئربیس کے قریب تین گاڑیوں سے پیٹرول برآمد ہوا تھا۔

لندن (این این آئی) برطانوی رائل ایئرفورس فیئر فورڈ واقعے میں پولیس نے دو افراد کو ایرانی ایٹمی جنس کی معاونت کے الزام میں دوبارہ گرفتار کرلیا۔ گرفتار افراد میں ایک 25 سال کا شخص ہر طانیہ اور ایران کی دوہری شہریت رکھتا ہے۔ گلوسٹر

اسرائیلی لڑاکا طیاروں نے رات گئے ایران کی جانب پرواز کی، امریکی میڈیا

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے ایرانی حکومت کے خاتمے کی اہمیت پر گفتگو ہوئی، اسرائیلی وزیراعظم

واشنگٹن/تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی لڑاکا طیاروں نے رات گئے ایک فوجی مشق کے دوران ایران کی جانب پرواز کی ہے۔ امریکی میڈیا فوکس نیوز کے چیف فارن کرسپانڈنٹ ایرک شمٹ نے کہا ہے کہ امریکیوں نے رات گئے فوجی مشق کی جس کے دوران لڑاکا طیاروں کو شام اور عراق کے اوپر سے ایران کی جانب بھیجا گیا۔ امریکی میڈیا نے میڈیو فوجی مشق کے حوالے سے کسی ذریعے کا ذکر نہیں کیا اور نہ ہی تفصیلات فراہم کی ہیں۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی (بقیہ 48 صفحہ اندرونی پر)

بلاول بھٹو زرداری کا عبدالقہار چانگ کی والدہ اور الصہبا ایلائنڈ کے انتقال پر اظہار افسوس

مرحومین کے اہل خانہ سے تعزیت، درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا

عبدالقہار چانگ سمیت تمام سوگوار اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کے درجات کی بلندی اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام کے لیے دعا کی۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے الصہبا ایلائنڈ کے انتقال پر بھی (بقیہ 49 صفحہ اندرونی پر)

بائیکورٹ ایمپائر الیون نے سچاس کو 83 رنز سے شکست دے دی

بابر مرموت کی سنچری، ساجد علی بیچ ہوئے کے 53 رنز؛ آصف موہی 43 رنز بنا کر نمایاں رہے

اوورز میں دو وکٹوں کے نقصان پر 247 رنز بنائے، جواب میں سچاس کی ٹیم سات وکٹوں پر 164 رنز بنا سکی۔ بائیکورٹ ایمپائر الیون کی جانب سے بابر مرموت نے شاندار بیٹنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے 3 چھکوں اور 14 چوکوں (بقیہ 50 صفحہ اندرونی پر)

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی نے بلاول بھٹو زرداری کی پارٹی رہنما عبدالقہار چانگ کی والدہ اور پیپلز پارٹی سندھ کے صدر الصہبا ایلائنڈ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی پیغام میں بلاول بھٹو زرداری نے

ٹھٹھہ: موبائل فون نہ دلانے پر 14 سالہ بیٹے کے ہاتھوں باپ قتل

ٹھٹھہ (این این آئی) ٹھٹھہ میں موبائل فون نہ خرید کر دینے پر 14 سال بیٹے نے مبینہ طور پر چھینی کے وار کر کے اپنے 58 سالہ باپ کو قتل کر دیا اور فرار ہو گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق گھر میں موبائل فون دلانے کے معاملے پر باپ اور بیٹے کے درمیان تلخ کلامی کے دوران بیٹا مشتعل ہو گیا اور چھینی کے وار کر کے باپ کو قتل کر دیا اور فرار ہو گیا۔ پولیس نے ملزم کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارنے شروع کر دیے ہیں۔

خیبر پختونخوا کے معدنی وسائل کی شفاف تحقیقات اور دہشت گردی کے خاتمے کا عزم

خیبر پختونخوا کے قدرتی وسائل صوبے کے عوام کی امانت ہیں اور ان کا تحفظ، شفاف استعمال اور منصفانہ تقسیم وفاقی و صوبائی حکومتوں کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ صوبے میں معدنیات کے وسیع ذخائر جہاں معاشی ترقی، سرمایہ کاری اور روزگار کے بے پناہ مواقع پیدا کرنے کی غیر معمولی صلاحیت رکھتے ہیں، وہیں ان وسائل سے متعلق بےقاعدگیوں کے اندیشے، شفافیت، قانونی تقاضوں کی پابندی اور عوامی مفاد کو مقدم رکھنا بھی ناگزیر ہے۔ وفاقی حکومت کی جانب سے پاکستان تحریک انصاف کے دور میں جاری کیے گئے معدنیات کے ہزاروں لائسنسوں کی شفاف تحقیقات کے اعلان کو اسی تناظر میں دیکھا جانا چاہیے۔ اس اقدام کا بنیادی تقاضا یہ ہے کہ تمام معاملات کا جائزہ غیر جانب دارانہ انداز میں لیا جائے، قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی سامنے آنے پر ذمہ داروں کا تعین کیا جائے اور صوبے کے قدرتی وسائل کو کسی بھی قسم کی سیاسی یا ذاتی مفادات کے بجائے عوامی خوش حالی کے لیے بروئے کار لایا جائے۔

وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے اسلام آباد میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے واضح کیا کہ خیبر پختونخوا میں سابق حکومتی ادوار میں جاری کیے گئے معدنیات کے دو سو سے زائد لائسنسوں کی شفاف تحقیقات ہوں گی۔ ان کا کہنا تھا کہ صوبے کے معدنی وسائل ماضی میں بھی عوام کے تھے، آج بھی عوام کے ہیں اور آئندہ بھی انہی کی ملکیت رہیں گے۔ یہ مؤقف اس اصول کی ترجمانی کرتا ہے کہ

تجزیہ بی این پی

وسائل سے حاصل ہونے والے معاشی ثمرات کا حقیقی مستحق مقامی آبادی اور صوبے کے عوام ہیں۔ چنانچہ لائسنسوں کے اجراء، ان کی شرائط، معائنہ ادوار کی باقاعدگی، قانونی تقاضوں کی پابندی اور عوامی مفاد کو مقدم رکھنا بھی ناگزیر ہے۔ وفاقی حکومت کی جانب سے پاکستان تحریک انصاف کے دور میں جاری کیے گئے معدنیات کے لائسنسوں کے اجرا کے معاملات کی تحقیقات کا اعلان کوئی انتقامی اقدام نہیں بلکہ ایک شفاف نظام تشکیل دیا جا رہا ہے۔

خیبر پختونخوا کے معدنی وسائل کی اہمیت محض لائسنسوں یا کان کنی کے منصوبوں تک محدود نہیں بلکہ ان کا براہ راست تعلق صوبے کی مجموعی معیشت، معاشی ترقی اور عوام کے معیار زندگی سے ہے۔ اگر معدنی ذخائر کو مؤثر منصوبہ بندی، جدید ٹیکنالوجی اور شفاف انتظامی نظام کے تحت استعمال کیا جائے تو یہ صوبے کے لیے آمدن کا مستقل ذریعہ بن سکتے ہیں۔ اس کے برعکس شفاف قیمتِ فیصلہ، غیر مؤثر نگرانی اور ذاتی مفادات پر مبنی سرگرمیاں عوام کو ان کے جائز معاشی حقوق سے محروم کر سکتی ہیں۔ اس لیے تحقیقات کا مقصد صرف ماضی کے فیصلوں کا جائزہ لینا نہیں ہونا چاہیے بلکہ آئندہ کے لیے ایسا قابل اعتماد طریق کار وضع کرنا بھی ہونا چاہیے جو آئندہ کے لائسنسوں کے اجرا اور معدنیات کی ترقی کے ہر مرحلے میں شفافیت یقینی بنائے۔

باغ ضلعی ہسپتال میں ڈاکٹروں کی لاپرواہی پر وزیراعظم کا نوٹس، ہسپتال انتظامیہ میں کھلبلی مچ گئی

انسانیت کے ساتھ ناروا سلوک پر رپورٹ ہوئی تو وزیراعظم نے سخت نوٹس لیتے انکوائری کمیٹی بنادی

انتظامیہ کی غفلت کے باعث اموات کے کیس بھی سامنے آئے، مگر انکوائری ہوتی اور نہ کسی پر سزا ہوتی، رپورٹ پر وزیراعظم کے چیف سخت نوٹس پر ہسپتال انتظامیہ میں سخت ہلچل ہے اب دیکھنا یہ ہے کہ انکوائری کمیٹی کے نتائج کیا سامنے آتے ہیں

باغ (این این آئی) باغ ضلعی ہسپتال میں ڈاکٹروں کی لاپرواہی منظر عام پر آنے پر وزیراعظم کا نوٹس، ہسپتال انتظامیہ میں کھلبلی مچ گئی تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ ہسپتال باغ میں چند روز قبل ایک ایسے واقع میں ڈاکٹروں کی غفلت سامنے آئی جب سال پہلے ایک خاتون نے پیٹ کا آپریشن کروایا تھا بعد ازاں اس کے پیٹ میں درد کا سلسلہ شروع ہوا تو دوبارہ چیک اپ پر یہ چیز نکلی کہ خاتون کے پیٹ میں قینچی رہ گئی تھی جس پر خاتون نے ڈسٹرکٹ ہسپتال باغ میں انکوائری کمیٹی جس میں ڈی ایچ کیو ہسپتال اور سینئر ڈاکٹرز شامل ہیں جو شفاف انکوائری کے رپورٹ وزیراعظم کو پیش کریں گے پاور ہے یہ پہلا ہسپتال ہے جہاں کوئی نیا واقعہ نہیں بلکہ اب یہ سلسلہ کئی سال سے چل رہا ہے ہسپتال انتظامیہ کی غفلت کے باعث اموات کے کیس بھی سامنے آئے مگر انکوائری ہوتی اور نہ کسی پر سزا ہوتی ہے رپورٹ پر وزیراعظم کے چیف سخت نوٹس پر ہسپتال انتظامیہ میں سخت ہلچل ہے اب دیکھنا یہ ہے کہ انکوائری کمیٹی کے نتائج کیا سامنے آتے ہیں

بارہ مولہ کے نوجوان کو دھوکے سے روسی فوج میں شامل کیا گیا، ایلخانہ کی بازیابی کے لیے اپیل

ضلع بارہ مولہ سے تعلق رکھنے والے ایک نوجوان کو ملازمت دلانے کا جھانسہ دے کر پہلے روسی فوج میں شامل کر دیا گیا

سرینگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر کے ضلع بارہ مولہ سے تعلق رکھنے والے ایک نوجوان کو ملازمت دلانے کا جھانسہ دے کر پہلے روسی فوج میں شامل کر دیا گیا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق ضلع بارہ مولہ کے علاقے اوڑی کے گاؤں سعید پورہ کے رہائشی سعید سلیم شاہ کے بیٹے، اعجاز احمد گیلانی نے تقریباً ایک ماہ قبل روزگار کی تلاش میں روس گئے تھے۔ وہاں انہیں ملازمت کے بہانے دھوکہ دیا گیا۔ اب اطلاعات میں کہ وہ کسی کمی حراستی مقام پر ہیں اور ان سے رابطہ ممکن نہیں ہے۔ ان کے اہل خانہ کا کہنا ہے کہ ان کے اعجاز سے رابطہ مکمل طور پر منقطع ہو چکا ہے اور وہ ان کی حفاظت کے حوالے سے شدید فکرمند ہیں۔ خاندان نے حکام پر یہ کہتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ ان کے بیٹے کو بچایا جائے اور ان کی بحفاظت واپسی کو یقینی بنایا جائے۔ یہ واقعہ ایک وسیع تر مسئلے کی عکاسی کرتا ہے جس میں بھارتی شہریوں، جن میں متعدد جموں وکشمیر کے افراد بھی شامل ہیں، کو دھوکے باز ایجنٹوں اور انسانی اسمگلنگ میں ملوث گروہوں نے روس بھیجا ہے۔ انڈین سوشین ایجنسیز کے مطابق اب تک 139 افراد کو سفارتی کوششوں کے بعد رہا کر دیا گیا، جبکہ 51 افراد ہلاک ہو چکے ہیں۔ 77 بھارتی شہریوں کا کوئی پتہ نہیں ہے، جبکہ روسی حکام نے سات افراد کے لاپتہ ہونے کی تصدیق کی ہے۔ یہ واضح نہیں ہے کہ آیا اعجاز گیلانی بھی ان افراد میں شامل ہیں



فیصل آباد: معروف کاروباری شخصیت، ریٹائرڈ ایس پی چوہدری محمد اکبر اور ان کے صاحبزادے ایس پی (ر) محمد اعظم ریاض بھی کنگ فلور ایگزیکٹو کلب میں منعقدہ ایک تقریب میں ارکان اسمبلی میاں طاہر خیل، ظفر اقبال وڑائچ، محمد اعظم ریاض، میاں شفراز سیال، چوہدری ظفر اقبال، ملک خرم خان، ملک وحید اعوان، راشد محمود انصاری، ڈاکٹر ندیم الرحمٰن، ڈاکٹر عبدالرحمٰن، ڈاکٹر شاہد منیر
